**AQF / Fazil**

**24-02-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- حکومت نے دہشت گردی کی روک تھام کی پالیسی 'پراہار' کا آغاز کیا ہے، جس کا مقصد تمام دہشت گردانہ سرگرمیوں کو قابلِ سزا جرم قرار دینا اور فنڈز تک رسائی کو روکنا ہے۔

2- چناؤ کمیشن نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں ریاستی انتخابی کمشنروں کے ساتھ قومی گول میز کانفرنس کا انعقاد کرے گا۔

3- رانچی سے دلّی جانے والی ایک ایئر ایمبولینس جھارکھنڈ کے ضلع چترا میں گر کر تباہ ہو گئی۔ طیارے میں سوار تمام سات لوگوں کی موت ہو گئی۔

4- اسرائیل میں بھارت کے سفیر جے پی سنگھ کا کہنا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف بھارت اور اسرائیل کا موقف یکساں ہے۔ انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کے آئندہ کے اسرائیل دورے کو تاریخی قرار دیا۔

5- میکسیکو میں منشیات کے ایک بڑے سرغنہ کی ہلاکت کے بعد جوابی تشدد میں میکسیکو کے نیشنل گارڈ کے کم سے کم 25 افراد ہلاک ہو گئے۔

6- اور مردوں کے آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں ویسٹ انڈیز نے ممبئی میں سپر 8 کے مقابلے میں زمبابوے کو 107 رن سے شکست دی۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**MAHA-PRAHAR**

وزارتِ داخلہ نے آج دہشت گردی کی روک تھام کیلئے ملک کی نئی قومی پالیسی اور حکمتِ عملی **PRAHAAR** کا اعلان کیا ہے۔ اس حکمتِ عملی میں بدلتے ہوئے دہشت گردانہ خطرات سے نمٹنے کیلئے ایک جامع فریم ورک پیش کیا گیا ہے، جس میں سرگرم طریقۂ کار اپناتے ہوئے دہشت گردی کی روک تھام اور اس کا مؤثر جواب دینے پر زور دیا گیا ہے۔

PRAHAAR کے معنی ہیں، دہشت گردانہ حملوں کی روک تھام کر کے بھارتی شہریوں اور قومی مفادات کا تحفظ کرنا، خطرے کے مطابق فوری اور مناسب کارروائی کرنا، حکومت کے تمام اداروں کی صلاحیتوں کو یکجا کر کے باہمی تعاون اور ہم آہنگی پیدا کرنا، انسانی حقوق اور قانون کی حکمرانی کی بنیاد پر خطرات کا تدارک کرنا، انتہا پسندی سمیت دہشت گردی کو فروغ دینے والے عوامل کو کم کرنا، دہشت گردی کے خلاف بین الاقوامی کوششوں کو ہم آہنگ اور مضبوط بنانا اور پورے معاشرے کے نقطۂ نظر سے باز آبادکاری اور استحکام کو یقینی بنانا ہے۔ وزارت نے مزید کہا کہ یہ اصولی طریقۂ کار دہشت گردی کو بالکل بھی برداشت نہ کرنے کی بھارت کی پالیسی کی عکاسی کرتا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...... VC Anand Kumar

دہشت گردی کی سمجھ اور دہشت گردی کے متاثرین کے حقوق کے حوالے سے اتفاقِ رائے پیدا کرنے کیلئے بھارت، بین الاقوامی دہشت گردی کے خلاف ایک جامع فریم ورک تیار کرنے کی کوششیں جاری رکھے گا۔ وہ انسدادِ دہشت گردی کی اپنی حکمتِ عملی 'پرہار' کے تحت تمام دہشت گردانہ سرگرمیوں کو جرم قرار دینے، دہشت گردوں، ان کو مالی مدد فراہم کرنے والوں اور پشت پناہی کرنے والے افراد تک فنڈز، ہتھیاروں اور محفوظ پناہ گاہوں کی رسائی روکنے کے اقدامات کرے گا۔

بھارت عالمی برادری کے ساتھ مل کر دہشت گردی کے مقاصد کیلئے اطلاعاتی اور مواصلاتی ٹیکنالوجی کے غلط استعمال کا مقابلہ کرتا رہے گا۔ اس کے علاوہ مستقبل کے دہشت گردانہ خطرات سے نمٹنے کے لیے ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری اور نجی شعبے کے ساتھ شراکت داری کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ اِس دستاویز میں دہشت گردی کے خلاف بھارت کے کئی دہائیوں کے تجربے اور قیادت کو اجاگر کیا گیا ہے اور کسی بھی مذہب، نسل، قومیت یا تہذیب کے ساتھ دہشت گردی کو جوڑنے کی کوشش کو سختی سے مسترد کیا گیا ہے۔ اس میں دہشت گردی اور تشدد کو بالکل بھی برداشت نہ کرنے کی بھارت کی پالیسی کا اعادہ کیا گیا ہے۔ دہشت گردی کے متاثرین کی حمایت پر زور دیا گیا ہے اور کسی بھی صورت میں دہشت گردی کے اقدامات کے لیے کسی جواز کو قبول نہ کرنے کا عزم دہرایا گیا ہے۔

آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں......

**PM MODI VISIT ISRAEL**

وزیراعظم نریندر مودی کل سے اسرائیل کے دو روزہ سرکاری دورے پر روانہ ہوں گے۔ وہ تل ابیب میں اسرائیل کے اپنے ہم منصب بنیامن نیتن یاہو کے ساتھ وسیع سطح کی بات چیت کریں گے۔ بعد میں یروشلم میں مختلف پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔ اسرائیل میں، بھارت کے سفیر جے پی سنگھ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کا اسرائیل کا دورہ ایک تاریخی

دورہ ہوگا۔ یروشلم میں آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ دہشت گردی کے معاملے میں بھارت اور اسرائیل کا موقف یکساں ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ جب وزیر اعظم مودی نے 2017 میں اسرائیل کا دورہ کیا تھا، تو انہوں نے جناب نیتن یاہو کے ساتھ ملکر دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے کی بنیاد رکھی تھی۔ جناب سنگھ نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ اس اسٹریٹیجک شراکت داری کو مزید آگے بڑھایا جائے اور اسے نئے مرحلے میں داخل کیا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ دونوں وزراء اعظم کے درمیان بات چیت کے بعد کئی سمجھوتوں پر دستخط کیے جائیں گے۔ بھارتی سفیر نے کہا کہ بات چیت میں اختراع، سائنس و ٹکنالوجی، مصنوعی ذہانت، سائبر سکیورٹی، کوانٹم اور دیگر شعبوں پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

پیش ہے یروشلم سے ہمارے نامہ نگار کی رپورٹ۔ **V/C - News Desk**

*وزیراعظم نریندر مودی اپنے دو روزہ سرکاری دورے پر کل اسرائیل کی راجدھانی تل ابیب پہنچیں گے۔ تل ابیب پہنچنے کے فوراً بعد وزیراعظم نریندر مودی اپنے ہم منصب بنیامن نیتن یاہو سے نجی ملاقات کریں گے۔ وزیراعظم کے تمام پروگرام یروشلم میں منعقد ہوں گے۔ پہلے دن کا مرکزی پروگرام اسرائیلی پارلیمنٹ کینٹ سے خطاب کے ساتھ ہوگا۔ جناب مودی بھارت کے ایسے پہلے رہنما ہوں گے جو اسرائیل کی پارلیمنٹ سے خطاب کریں گے۔ وہ ایک کمیونٹی پروگرام میں بھی شرکت کریں گے، جہاں اسرائیل میں مقیم وہ بھارتی نژاد افراد سے بات چیت کریں گے۔ اس کے علاوہ ٹیک نمائش میں شرکت کرنے کا امکان ہے۔ دوسرے دن وزیراعظم ایک ہولوکوسٹ یادگار* **Yad Vashem** *جائیں گے، جو نازیوں کے ذریعہ 60 لاکھ سے زیادہ یہودیوں کے قتل عام کی یادگار ہے۔ یہاں اُن 50 لاکھ سے زیادہ ان یہودیوں کی فہرست موجود ہے، جنہیں قتل کردیا گیا تھا، ان میں 15 لاکھ بچے بھی شامل تھے۔ اس فہرست کو ایک کتاب کی شکل میں ترتیب دیا گیا ہے۔ وزیراعظم اس کتاب کا مشاہدہ کریں گے۔ اس کے بعد وزیراعظم نریندر مودی اسرائیل کے صدر اسحاق ہرزوگ سے ملاقات کیلئے روانہ ہوجائیں گے۔ اسرائیل کے صدر کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کے بعد وزیراعظم، اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو کے ساتھ وسیع بات چیت کریں گے۔ اس کے بعد وزیراعظم تل ابیب سے بھارت کیلئے روانہ ہوجائیں گے۔*

*نیوز ڈیسک کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**ECI ROUND TABLE CONFERENCE**

انتخابی کمیشن آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں بھارت کے چناؤ کمیشن اور ریاستی انتخابی کمشنروں کی قومی گول میز

کانفرنس کا انعقاد کرے گا۔ یہ کانفرنس 27 سال کے وقفے کے بعد منعقد کی جا رہی ہے۔ اس سے قبل ایسی کانفرنس 1999 میں منعقد کی گئی تھی۔ گول میز کانفرنس کی صدارت اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار، انتخابی کمشنرس ڈاکٹر سُکھبیر سنگھ سَندھو اور ڈاکٹر وِویک جوشی کی موجودگی میں کریں گے۔ تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے چیف الیکٹورل افسران کانفرنس میں شریک ہوں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C - Anand Kumar**

*گول میز کانفرنس کا بنیادی مقصد انتخابی کمیشن اور ریاستی انتخابی کمشنروں کے درمیان انتخابی عمل اور لاجسٹکس کے سلسلے میں قانونی دائرۂ کار کے تحت بہتر تال میل کو فروغ دینا ہے۔ اس مشاورت سے تعمیری خیالات کے تبادلے کیلئے ایک مؤثر پلیٹ فارم فراہم ہونے کی توقع ہے۔ اس کے علاوہ چناؤ بندوبست میں باہمی وفاقیت کے جذبے کو مضبوط کیا جائے گا۔ دن بھر جاری رہنے والی کانفرنس میں ٹکنالوجی کے تبادلے، الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں اور ووٹر فہرستوں پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ انتخابی عمل کو مزید مستحکم بنانے پر بھی غور و خوض کیا جائے گا۔ کمیشن کے سینئر افسران اہم تکنیکی اور عملی اقدامات پر پرزنٹیشن پیش کریں گے، جن میں حال ہی میں شروع کیا گیا* **ECINET** *ڈیجیٹل پلیٹ فارم اور انتخابی عمل سے متعلق خدمات کو مؤثر بنانے میں اس کی یکسر تبدیلی لانے والی صلاحیت شامل ہے۔ پرزنٹیشنز میں الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کی مضبوطی، شفافیت اور حفاظتی اقدامات کو بھی اُجاگر کیا جائے گا۔*

*آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**PREZ VISIT**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے مہاراشٹر، جھارکھنڈ اور راجستھان کے 4 روزہ دورے پر ہوں گی۔ صدر جمہوریہ آج ممبئی کے لوک بھون میں پی ڈی ہندوجا اسپتال کے ذریعے منعقدہ ملک گیر مہم ''زندگیوں کو بچانا اور ایک صحتمند بھارت کی تعمیر'' کا افتتاح کریں گی۔ کل محترمہ مرمو Buldhana کے Shegaon میں آیوش کی مرکزی وزارت کے زیر اہتمام منعقدہ قومی آروگیہ میلہ 2026 میں شرکت کریں گی۔ وہ بدھ کو ناگپور میں برہما کماری کے ذریعے ریاستی سطح پر منعقدہ اتحاد اور اعتماد کے ذریعے مہاراشٹر کے سنہرے دور کے آغاز کی تقریب میں شرکت کریں گی۔ صدر جمہوریہ جمعرات کو جمشیدپور کے سری جگناتھ مندر کی بھومی پوجن تقریب میں شرکت کریں گی۔ اِس کا انعقاد شری جگناتھ اسپریچوئل اینڈ کلچرل چیریٹیبل سینٹر ٹرسٹ، جمشیدپور جھارکھنڈ کے زیر اہتمام کیا جا رہا ہے۔ وہ جمشیدپور کے منی پال ٹاٹا میڈیکل کالج بھی جائیں گی اور طلبا کے ساتھ بات چیت کریں گی۔ جمعے کو صدر جمہوریہ راجستھان کے پوکھرن میں وایوشکتی مشق کا مشاہدہ کریں گی۔×

## AI-RURAL INDIA

مصنوعی ذہانت، بھارت کے دیہی منظر نامے کی کایا پلٹ کے بنیادی ستون کے طور پر اُبھر رہی ہے۔ یہ محض ایک تکنیکی پیش رفت ہی نہیں بلکہ ایک ایسے مربوط عوامی بنیادی ڈھانچے کے طور پر ابھر رہی ہے، جو شمولیاتی ترقیاتی اہداف کے عین مطابق ہے۔ اسٹریٹجک ویژن، نظم ونسق سے متعلق قوانین، ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچہ، کثیر لسانی پلیٹ فارم اور زراعت، حفظان صحت، تعلیم، مہارت میں اضافہ اور مقامی نظم ونسق میں شعبہ جاتی انضمام کے امتزاج کے ذریعہ مصنوعی ذہانت کو ادارہ جاتی بنایا جارہا ہے، تاکہ انسانی صلاحیت کو ہٹانے کے بجائے اسے بروئے کار لایا جاسکے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Priya Mondal**

*خدمات کی فراہمی کو مستحکم بناکر ڈیٹا پر مبنی نظم ونسق میں تعاون کرکے اور پسماندہ طبقوں کو باقاعدہ نظام میں شامل کرکے مصنوعی ذہانت ملک کی شمولیاتی دیہی ترقی کے ایک بنیادی محرک کے طور پر ابھر رہی ہے۔ پنچایتی راج اداروں، ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچہ اور فلاحی نظاموں میں AI کے استعمال سے شفافیت، کارکردگی، منصوبہ بندی اور زمینی سطح پر لوگوں کی شرکت میں اضافہ ہورہا ہے۔ Sabhasaar، ای-گرام سوراج، گرام - Manchitra، اور AI Kosh جیسے پلیٹ فارمس کے ذریعہ AI ڈھانچہ جاتی عدم مساوات کو کم کرکے آخری میل تک خدمات کی فراہمی کو مستحکم بنارہی ہے۔ بھاشنی، بھارت Gen اور Adi Vaani جیسے کثیر لسانی اور آواز پر مبنی پلیٹ فارم، لسانی اور تعلیم کے حصول میں حائل رکاوٹوں کو دور کررہے ہیں، جس سے خدمات اور نظم ونسق تک رسائی میں اضافہ ہورہا ہے۔ قومی مشن، شعبہ جاتی اقدامات، حکومت کے زیر قیادت اختراعات اور انڈیا AI امپیکٹ سمٹ جیسی پہل سے وکست بھارت کے ویژن کے عین مطابق عوام پر مرکوز مصنوعی ذہانت کی طرف مربوط منتقلی کی عکاسی ہوتی ہے۔*

*دلّی سے پریا مونڈال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

## ACADEMICANS AI SUMMIT PROTEST

ملک بھر کے تقریباً 160 اساتذہ، محققین اور اسکالروں نے نئی دلّی میں منعقدہ انڈیا AI امپیکٹ سمٹ کے دوران انڈین یوتھ کانگریس کے احتجاج کی مذمت کی ہے۔ معروف بھارتی تعلیمی اداروں سے تعلق رکھنے والے اساتذہ، محققین اور اسکالروں کے مشترکہ بیان میں اس عمل کو افسوسناک اور غلط قرار دیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ سمٹ نہ تو کسی سیاسی پارٹی کا پلیٹ فارم تھا اور نہ ہی داخلی سیاسی پروپیگنڈے کا مقام۔ اس میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ انڈین نیشنل کانگریس کا رویہ، اس اہم عالمی پروگرام کے دوران قومی مفاد کی صحیح عکاسی نہیں کرتا ہے۔ ×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**JHARKHAND CRASH**

جھارکھنڈ کے چترا ضلع میں Simaria کے نزدیک کل شام ہوئے ایک ایئر ایمبولینس حادثے میں 7 لوگوں کی موت ہوگئی۔ یہ ایئر ایمبولینس رانچی سے دلّی جا رہی تھی۔ یہ بات ریاستی حکومت کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے بتائی۔ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا، جب Redbird ایئر ویز پرائیویٹ لمیٹڈ کا طیارہ شام 7 بجکر 11 منٹ پر رانچی ہوائی اڈّے سے اُڑان بھرنے کے کچھ ہی دیر بعد گر کر تباہ ہو گیا۔ چترا کے ڈپٹی کمشنر Keethishree جی نے میڈیا کو بتایا کہ ایئر ایمبولینس پر سوار تمام 7 افراد کی موت ہوگئی۔ یہ طیارہ رانچی سے دلّی جا رہا تھا۔ طیارے پر سوار تمام لوگوں کی لاشیں نکال لی گئی ہیں۔×

**TN-ELECTION ROLL**

انتخابی کمیشن نے ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظرثانی SIR کے تحت ذاتی معلومات سے متعلق فارمز کی تکمیل کے بعد ریاستِ تمل ناڈو کیلئے حتمی ووٹر فہرست جاری کر دی ہے۔ نئی فہرست کے مطابق ووٹروں کی تعداد، جو پہلے 6 کروڑ 41 لاکھ تھی، اب کم ہو کر 5 کروڑ 67 لاکھ ہو گئی ہے۔ چنئی میں گفتگو کرتے ہوئے چیف الیکٹورل آفیسر ارچنا پٹنائک نے کہا کہ اعلیٰ چناؤ کمشنر گیانیش کمار کی قیادت میں مکمل چناؤ کمیشن کا اس ماہ کی 26 اور 27 تاریخ کو ریاست کا دورہ کرنے کا امکان ہے۔ انہوں نے کہا کہ چناؤ کمیشن ضلع کلکٹروں، سپرنٹنڈنٹ آف پولیس اور سیاسی رہنماؤں سے ملاقات کرے گا۔ چیف الیکٹورل آفیسر نے مزید کہا کہ ووٹر فہرستوں کو جدید تر بنانے کا عمل، مناسب طور پر جانچ پڑتال اور تصدیق کے عمل کے بعد آئندہ انتخابات کے اعلان تک جاری رہے گا۔×

**MEXICO-KILLED**

میکسیکو میں منشیات کے سرغنہ کی ہلاکت کے بعد ریاست Jalisco میں ہونے والے تشدد میں نیشنل گارڈ کے کم سے کم 25 اہلکار ہلاک ہوگئے۔ میکسیکو کی خصوصی فورسز کے ذریعہ منشیات کے سرغنہ 'El Mencho' کے نام سے مشہور Nemesio Oseguera Cervantes کو حراست میں لئے جانے کے کچھ ہی دیر بعد اس کی موت ہوگئی تھی۔ اس کے بعد کم سے کم 20 ریاستوں میں بدامنی پھیل گئی۔ امریکہ نے El Mencho کی اطلاع دینے والے کیلئے 15 ملین ڈالر کا انعام رکھا تھا، جس کے نتیجے میں اسے گرفتار کیا گیا تھا۔×

**ICC-T20 WC CRICKET**

مردوں کے ICC ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ کرکٹ میں، سُپر-8 کے میچ میں ویسٹ انڈیز نے زمبابوے کو 107 رن سے ہرادیا۔ یہ میچ کل رات ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔ ویسٹ انڈیز کی ٹیم نے 255 رن کا ہدف رکھا، جس کے جواب میں زمبابوے کی ٹیم 17 اوور اور چار گیند میں 147 رن ہی بناسکی۔ اس سے قبل، زمبابوے نے ٹاس جیت کر گیندبازی کا فیصلہ کیا، شمرن ہٹمائر کو ان کی شاندار کارکردگی کیلئے میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج سُپر-8 کے دوسرے مرحلے میں انگلینڈ کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔ ٹورنا منٹ کا یہ 45 واں میچ ہوگا، جو Pallekele بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام 7 بجے شروع ہوگا۔×

**IMD-WEATHER**

محکمہ موسمیات IMD نے آج صبح پنجاب میں گہرا کُہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اس دوران اڈیشہ، مغربی بنگال کے ترائی والے علاقے، جھارکھنڈ اور انڈمان ونکوبار جزائر میں ہلکی سے اوسط بارش کا امکان ہے۔ IMD نے گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ آسام، میگھالیہ، سکم، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، چھتیس گڑھ، مدھیہ پردیش، تلنگانہ اور ودربھ میں بھی آج اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ IMD کے مطابق وسطی خلیج بنگال سے ملحقہ جنوبی خطے کے وسطی علاقوں میں موسم خراب رہنے کا امکان ہے۔×

**EU-WARN US**

یوروپی ممالک نے متنبہ کیا ہے کہ ہفتے کے اواخر میں تمام درآمدات پر 15 فیصد ٹیرف سے متعلق صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے فیصلے سے امریکہ کے ساتھ ہونے والے اُن کے تجارتی معاہدے خطرے میں پڑ سکتے ہیں۔ صدر ٹرمپ کے اس نئے اقدام سے قبل جمعہ کے روز امریکہ کی سپریم کورٹ نے، اُن کی عالمی ٹیرف پالیسی کو منسوخ کردیا تھا۔ یہ پالیسی گزشتہ موسم بہار کے دوران نافذ کی گئی تھی، جس سے طویل عرصے سے قائم عالمی تجارتی نظام میں خلل پڑا تھا۔ یوروپ اور برطانیہ کے حکام نے عالمی تجارتی روابط میں اچانک تبدیلی کے تعلق سے تشویش کا اظہار کیا ہے۔×

**PM-MONETISATION PIPELINE**

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے نئی دلّی میں، مرکزی وزارتوں اور سرکاری سیکٹر کی کمپنیوں کیلئے اثاثوں سے مالی فائدہ حاصل کرنے کے نظام کے دوسرے مرحلے کا آغاز کیا۔ اس نظام کا دوسرا مرحلہ نیتی آیوگ نے بنیادی ڈھانچے سے متعلق وزارتوں سے مشاورت کے بعد تیار کیا ہے، جو کہ مرکزی بجٹ 26-2025 میں اعلان کردہ اثاثوں سے مالی فائدہ حاصل کرنے

کے منصوبے 2025-30 کے تحت ہے۔ مرحلہ وار طریقے سے مالی فائدہ حاصل کرنے کے قومی نظام 2.0 کے تحت مجموعی طور پر 16 اعشاریہ سات دو لاکھ کروڑ روپے کا مالی فائدہ حاصل کرنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے، جس میں مرکزی وزارتوں اور سرکاری سیکٹر کے اداروں کے اثاثوں سے مالی فائدہ حاصل کرنے کے نظام کے تحت نجی شعبے کی 5 اعشاریہ آٹھ لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری بھی شامل ہے۔ یہ تخمینہ مالی سال 2025-26 سے مالی سال 2029-30 تک کی پانچ سالہ مدّت کیلئے ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... اسعداللہ

شکریہ – محمد عمار

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ انقلاب، پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے سبھی اخباروں نے کل وزیر اعظم نریندر مودی کے اسرائیل کا دورہ کرنے کی خبر کو خصوصیت کے ساتھ شائع کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اس دورے سے مصنوعی ذہانت، سائبر سیکورٹی اور زرعی شعبے میں تعاون مزید مضبوط ہوگا۔ ' بھارت-جاپان مشترکہ فوجی مشق گارڈین کا کل سے ہوگا آغاز' اس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے صفحۂ اول پر جگہ دی ہے۔ روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے: ایران اور امریکہ کے درمیان بڑھتی کشیدگی کے تناظر میں بھارت نے اپنے شہریوں کو ایران چھوڑنے کا دیا مشورہ۔

'لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے 60سے زائد ممالک کے ساتھ پارلیمانی دوستی گروپ تشکیل دیا، اس قدم سے دنیا کے مختلف ممالک کے ساتھ بھارت کے پارلیمانی تعلقات میں مضبوطی آئے گی۔ یہ خبر بھی آج کے اخباروں کی زینت ہے۔'بنگال کے سینئر سیاست داں مُکل رائے کا انتقال، وزیراعظم اور وزیر داخلہ سمیت سرکردہ شخصیات کا اظہارِ تعزیت'۔ اس خبر کو آج کے سبھی اخباروں نے نمایاں کیا ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- حکومت نے دہشت گردی کی روک تھام کی پالیسی 'پراہار' کا آغاز کیا ہے، جس کا مقصد تمام دہشت گردانہ سرگرمیوں کو قابلِ سزا جرم قرار دینا اور فنڈز تک رسائی کو روکنا ہے۔

2- چناؤ کمیشن نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں ریاستی انتخابی کمشنروں کے ساتھ قومی گول میز کانفرنس کا انعقاد کرے گا۔

3- رانچی سے دلّی جانے والی ایک ایئر ایمبولینس جھارکھنڈ کے ضلع چترا میں گر کر تباہ ہو گئی۔ طیارے میں سوار تمام سات

لوگوں کی موت ہو گئی۔

4- اسرائیل میں بھارت کے سفیر جے پی سنگھ کا کہنا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف بھارت اور اسرائیل کا موقف یکساں ہے۔ انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کے آئندہ کے اسرائیل دورے کو تاریخی قرار دیا۔

5- میکسیکو میں منشیات کے ایک بڑے سرغنہ کی ہلاکت کے بعد جوابی تشدد میں میکسیکو کے نیشنل گارڈ کے کم سے کم 25 افراد ہلاک ہو گئے۔

6- اور مردوں کے آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں ویسٹ انڈیز نے ممبئی میں سپر 8 کے مقابلے میں زمبابوے کو 107 رن سے شکست دی۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~
~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~